فوری ریلیز کے لیے: 31/1/2023

گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے زیادہ ضرورت مند غریب کمیونٹیز میں نشے کی لت کی روک تھام کرنے والی سروسز کی معاونت کے لئے $5.25 ملین کا اعلان کر دیا

وفاقی فنڈنگ چھ فراہم کنندگان کو نشہ آور اشیاء کی پیداوار اور استعمال روکنے کے لئے اتحاد قائم کرنے کی اجازت دے گی تاکہ توجہ زیادہ ضرورت مند غریب آبادیوں کو خدمات کی فراہمی پر مرکوز کی جا سکے

گورنر Kathy Hochul نے آج نشہ آور اشیاء کی پیداوار اور استعمال کی روک تھام کے پوری ریاست نیویارک میں چھ اتحاد قائم کرنے کے لئے $5.25 ملین کے ایوارڈز کا اعلان کر دیا۔ نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کا دفتر کے زیر انتظام دی جانے والی اس فنڈنگ سے وصول کنندگان کو ترجیحی طبقات میں روک تھام کی کوششوں پر اپنی توجہ مرکوز کرنے میں آسانی ہوگی جن میں سیاہ فام، دیسی اور رنگدار افراد؛ سابقہ فوجی؛ عمر رسیدہ افراد، معذور افراد، اور ایسے نوجوان افراد جو ماضی میں کبھی تھانے یا جیل میں بند ہوئے ہوں یا فوجداری-قانونی نظام کے ساتھ دیگر رابطوں میں رہے ہوں شامل ہیں۔

"نشے کی لت نیویارک میں زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو متاثر کرتی ہے، اور میری انتظامیہ ایسی کسی بھی لت میں مبتلا افراد کو ان کی ضروریات کے مطابق معاون خدمات حاصل کرنے میں مدد دینے کے لئے اپنے پاس موجود ہر سہولت اور طریقہ استعمال کرنے کے لئے پرعزم ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نشے کی روک تھام میں مصروف سروسز کو وسعت دینے والے اس اقدام سے ہمیں زیادہ سے زیادہ ضرورت مند افراد تک پہنچنے کا موقع ملے گا اور اس سے یہ امر بھی یقینی بنے گا کہ ہم ریاست نیویارک میں نشے کی لت میں مبتلا افراد کی نگہداشت اور دیکھ بھال کا تسلسل قائم رکھنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کر رہے ہیں۔"

نشے کی لت ختم کرنے کی کوششوں میں مصروف سروسز کے اتحاد ماحولیاتی تبدیلی کی روک تھام کرنے والی حکمت عملیاں تیار کرنے اور انہیں نافذ کرنے میں غریب اور الگ تھلگ برادریوں اور آبادیوں کو بہتر طریقے سے مشغول کرنے کے لئے ڈیزائن کیے جاتے ہیں۔ اس فنڈنگ سے ان چھ نئے اتحادوں کو مدد و معاونت ملے گی – دو نیویارک شہر کے علاقے میں اور چار باقی ریاست میں – تاکہ انہیں ایسی مخصوص برادریوں اور آبادیوں کے لئے ثقافتی طور پر موزوں تادیبی اور اصلاحی اقدامات کرنے میں مدد ملے جن کی خدمت میں وہ مصروف ہیں۔

نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کا دفتر کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا، "نشے کی لت کی روک تھام کرنے والے اتحادوں کی توجہ خاص طور سے ان برادریوں کے ان مقامات پر مرکوز ہے جہاں وہ قائم ہیں اور وہ کمیونٹی میں مثبت تبدیلیاں لانے کے لئے نشے کی لت سے بچانے والی مضبوط سروسز فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس فنڈنگ سے ہم پسماندہ برادریوں میں ان اہم پروگراموں کو مزید وسعت دے سکیں گے اور شواہد پر مبنی اہم پروگرامنگ، تعلیم اور دیگر تادیبی و اصلاحی کوششوں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ سکیں گے۔"

سینیٹر Chuck Schumer نے کہا، "نیویارک افیون جیسی نشہ آور اورمسکن اشیاء استعمال کرنے کی وبا میں سب سے آگے ہے، اور میں نے اسی وجہ سے یہ امر یقینی بنانے کے لیے سخت جدوجہد کی کہ COVID سے ریلیف کے وفاقی بلوں میں علاج، روک تھام اور بحالی کی خدمات کی مدد و معاونت کے لیے تاریخی اضافے شامل

کیے جائیں۔ 5+$ ملین ڈالر کا یہ وفاقی اضافہ لانگ آئی لینڈ سے لے کر لیوس کاؤنٹی تک نشے کی لت ختم کرنے والی خدمات فراہم کرنے والوں کو ایسے وسائل فراہم کرے گی جن کی انہیں زندگیاں بچانے اور پسماندہ برادریوں کو ان کی ضرورت کے مطابق مدد و معاونت فراہم کرنے کے لئے ضرورت ہے۔"

نمائندے Paul Tonko نے کہا، "میں کئی سالوں سے نشے کی لت والی بیماری سے نمٹنے کی جدوجہد میں مصروف ہوں اور لاکھوں امریکیوں کے لئے زندگی بچانے والے علاج تک رسائی حاصل کرنے کے لئے کام کر رہا ہوں۔ وکلاء اور ہمدردوں، صحت یاب ہونے والے افراد، اور ان کے پیاروں کی شراکت داری اور انتھک کوششوں کی بدولت مجھے اپنے مین اسٹریمنگ ایڈکشن ٹریٹمنٹ (Mainstreaming Addiction Treatment, MAT) ایکٹ کو منظور کروانے میں کامیابی حاصل ہوئی اور مجھے منشیات کے استعمال کی روک تھام اور ٹریٹمنٹ بلاک گرانٹ کے لئے فنڈنگ کے ساتھ اوورڈوز بحران کے خلاف اپنی قوم کی جنگ کو قوت دینے میں کامیاب ہونے پر فخر ہے۔ میں نیویارک کے سب سے زیادہ لاچار اور ضرورت مند باسیوں کو امید اور مدد و معاونت فراہم کرنے کے لئے روزانہ انتھک کام کرنے والی مخلص قیادت کا شکر گزار ہوں۔"

اس توسیع کے لئے فنڈنگ The Research Foundation for Mental Hygiene, Inc اور SAMHSA's Partnership for Success Grant 2022 کے باہمی تعاون سے ریاست نیویارک کو فراہم کی گئی تھی۔ ہر وصول کنندہ کو پانچ برسوں کے لئے فی سال 175,000$ میں گے، جس کی مجموعی رقم 875,000$ ہے۔

مرکزی نیویارک

- Access To Independence of Cortland County, Inc.

فنگر لیکس

- Partnership for Ontario (اونٹاریو کاؤنٹی میں منشیات کے استعمال کی روک تھام کا اتحاد)

لانگ آئی لینڈ

- Family & Children's Association

نیو یارک سٹی

- Lehman College کی جانب سے Research Foundation of CUNY (دی لیہمین پریوینشن کولیبوریٹو)
- رائزبارو کمیونٹی پارٹنرشپ (RiseBoro Partnership for Success Prevention Coalition)

نارتھ کنٹری

- Mountain View Prevention Services, Inc. (United Prevention "UP!" لوئس کاؤنٹی کا اتحاد)

ریاست نیویارک نے اوور ڈوز کی وباء سے نمٹنے کے لیے ایک جارحانہ، کثیر الجہتی طریقہ کار کا اجراء کیا ہے اور مکمل روک تھام، علاج، بحالی اور نقصان کو کم سے کم کرنے والی خدمات کے ساتھ ساتھ نشے کی لت میں مبتلا افراد کی دیکھ بھال کے لئے پورے ملک کا سب سے بہترین نظام قائم کیا ہے۔ اس میں روایتی خدمات تک رسائی کو بڑھانا شامل ہے بشمول کرائسس سروسز؛ داخل شدہ مریضوں، بیرونی مریضوں اور زیرِ رہائش رکھ کر علاج فراہم کرنے والے پروگرام؛ نشے کے علاج کے لئے ادویات؛ اور علاج فراہم کرنے والی موبائل اور ٹرانسپورٹیشن سروسز۔

گورنر Hochul ریاست نیویارک کی ہیروئن اور اوپیائڈ ٹاسک فورس کی ایک رکن تھیں جس نے 2016 میں نئی، غیر روایتی خدمات کی تجاویز پیش کی تھیں۔ ان خدمات میں بحالی مراکز، یوتھ کلب ہاؤسز، توسیع شدہ پیر سروسز، اور اوپن ایکسیس سینٹرز شامل ہیں جو فوری تشخیص اور نگہداشت خدمات کی جانب ریفر کرنے کی سہولت فراہم کرتے ہیں اور تب سے لے کر یہ خدمات پوری ریاست کی متعدد کمیونٹیز میں قائم کر دی گئی ہیں تاکہ ضرورت مند افراد کو ان کی رہائش گاہ کے قریب دیکھ بھال تک رسائی مل سکے۔

نیویارک کے وہ باشندے جو نشے کی لت میں مبتلا ہیں یا جن کے پیاروں میں سے کوئی اس لت میں مبتلا ہے، انہیں چاہیے کہ وہ ریاست کی مفت 24 گھنٹوں، ہفتے کے 7 دن دستیاب رہنے والی HOPEline پر -8-877-1 HOPENY یعنی (1-877-846-7369) پر کال کرکے یا HOPENY (مختصر کوڈ 467369) پر ٹیکسٹ بھیج کر مدد و معاونت حاصل کریں۔

نشے کے دستیاب علاج کی سہولیات بشمول کرائسس/ڈیٹاکس، داخل مریضوں کا شعبہ، رہائشی یا بیرونی مریضوں کی دیکھ بھال کا شعبہ FindAddictionTreatment.ny.gov پر NYS OASAS ٹریٹمنٹ اویلبلٹی ڈیش بورڈ کے ذریعے یا NYS OASAS ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

اگر آپ کو یا آپ کے کسی عزیز رشتہ دار کو علاج سے متعلق بیمے میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا ہو یا کسی مسترد کردہ کلیم کے خلاف اپیل دائر کرنے میں مدد کی ضرورت ہو تو بذریعہ فون CHAMP ہیلپ لائن سے -888-614 5400 پر رابطہ کریں یا ombuds@oasas.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں